© rasailojaraid.com

# ضمنی امتحان میں شرکت کے خواہشمند طلبہ/طالبات کیلئے خوشخبری

1 - وفاق المدارس العربیہ پاکستان کا ضمنی امتحان ۱۷، ۱۸، ۱۹/ اکتوبر ۲۰۰۹ء مطابق ۲۶، ۲۷، ۲۸/ شوال المکرم ۱۴۳۰ھ بروز ہفتہ اتوار سوموار ہوگا۔ انشاء اللہ!

2 - سالانہ امتحان ۱۴۳۰ھ میں ضمنی یا راسب ہونے والے طلبہ/طالبات کو ضمنی امتحان میں شرکت کی اجازت ہوگی۔ غیر حاضر طلبہ/طالبات ضمنی امتحان میں شرکت کے اہل نہیں ہوں گے۔

3 - مالاکنڈ ڈویژن سے تعلق رکھنے والے ایسے طلبہ/طالبات جو سالانہ امتحان کے لیے داخلے بھجوا چکے تھے لیکن امتحان میں شرکت نہیں کر سکے۔ ان کو سابقہ فیس میں ضمنی امتحان کا داخلہ دیا جائے گا تاہم داخلہ فارم دوبارہ ارسال کرنا ہوگا۔

4 - ضمنی امتحان میں شرکت کے لیے زیر تعلیم ادارہ سے داخلہ فارم بھجوائے جا سکتے ہیں۔ سابقہ ادارے سے داخلہ فارم بھجوانے کی پابندی نہیں ہے۔

5 - ضمنی امتحان کے لیے داخلہ فارم ۱۵۔ رمضان المبارک تا ۱۰۔ شوال المکرم ۱۴۳۰ھ بمطابق ۶۔ ستمبر تا یکم اکتوبر ۲۰۰۹ء وصول کیے جائیں گے۔ مقررہ تاریخ کے بعد موصول ہونے والا داخلہ فارم مسترد کیا جائے گا۔

محترم جناب صدر مملکت، جناب وزیر اعظم پاکستان

محترم صوبائی گورنرز صاحبان اور انتظامیہ ہائر ایجوکیشن کمیشن اسلام آباد

## کی خدمت میں اپیل

شعبہ اسلامیات میں ایم فل اور پی ایچ ڈی پروگرام کے لئے N.T.S ٹیسٹ پاس کرنے کی شرط ہے۔ N.T.S کی جانب سے Subject G.R.E کا ٹیسٹ 16/ اگست 2009ء کو مقرر کیا گیا ہے۔ یہ ٹیسٹ انگریزی میں ترتیب دیا جاتا ہے جبکہ شہادۃ العالیہ رکھنے والے امیدواران کی انگلش کمزور ہوتی ہے جس کی وجہ سے مذکورہ ٹیسٹ انگریزی میں رکھنا شہادۃ العالیہ رکھنے والے امیدواران کے ساتھ سراسر زیادتی ہے۔

اس سلسلہ میں توجہ طلب اُمور یہ ہیں:

(۱) اسلامیات کی کتابیں نرسری سے لے کر یونیورسٹی کی سطح تک اُردو میں ہیں۔

(۲) مختلف یونیورسٹیوں میں بی ایڈ کا کورس انگریزی میں ہے لیکن اسلامیات کا کورس اور پرچہ اُردو میں ہوتا ہے۔

(۳) انگلش میڈیم سکولوں میں سب کتابیں انگلش میں ہوتی ہیں لیکن اسلامیات کی کتاب اُردو میں ہے۔

(۴) فیڈرل اور صوبائی پبلک سروس کمیشن کے تحت اسلامیات کے لیکچرار کی اسامی کے لئے ٹیسٹ اُردو میں منعقد ہوتا ہے۔

درج بالا حقائق کی روشنی میں اسلامیات کا Subject G.R.E ٹیسٹ بھی اُردو میں لیا جائے تاکہ شہادۃ العالیہ، اسلامیات اور علوم شرعیہ کے طلباء اور محققین بھی ایم فل اور پی ایچ ڈی میں داخلہ کے لئے اہل قرار دیئے جاسکیں۔

منجانب محمد اقبال امین یوسف زئی، پشاور

وجملہ فضلاء مدارس عربیہ پاکستان

© rasailojaraid.com